# مت گھبراؤ
# ابدی منزل کی راہ



*mat ghabrāo. abadī manzil kī rāh*

Do not Be Troubled. The Way to Your Eternal Home

by Bakhtullah

*[Ao, Khud Dekh Lo 27]*

(Urdu—Persian script)

© 2024 www.chashmamedia.org

*published and printed by*
Good Word, New Delhi

The title cover is derived from ljcor https://pixabay.com/illustrations/heaven-stairs-to-heaven-sky-faith-2138568/.

Bible quotations are from UGV.

*for enquiries or to request more copies:*
askandanswer786@gmail.com

# فہرست


مت گھبراؤ: تمہارا ابدی گھر ہے 2

مت گھبراؤ: مَیں ابدی گھر کی راہ ہوں 4

مت گھبراؤ: میرا باپ تمہارا باپ بھی ہے 6

مت گھبراؤ: تم بڑے کام کرو گے 8

انجیل، یوحنا 14:1-14 11

فسح کی عید تھی۔ عیسیٰ مسیح شاگردوں کو اِس کے لئے تیار کرنے لگا کہ تھوڑی دیر بعد مَیں تمہاری خاطر اپنی جان دوں گا۔ شاگرد اُس وقت پوری بات نہ سمجھ سکے، لیکن وہ بے چین ہونے لگے۔ تھوڑی دیر پہلے یوں لگ رہا تھا کہ اُستاد اسرائیل کا وہ بادشاہ بنے گا جس کے لئے سب تڑپ رہے تھے۔ اب اِس کے اُلٹ ہو رہا تھا۔ یہ سوال بھی اُٹھنے لگا کہ ہمارا کیا بنے گا؟

اِس دُکھی ماحول میں ضروری تھا کہ شاگردوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ اُن کا آقا جانتا تھا کہ اِس وقت وہ سب کچھ سمجھ نہیں پائیں گے۔ لیکن بعد میں یہ باتیں اُنہیں صحیح پٹڑی پر لائیں گی۔ پہلی بات،

# مت گھبراؤ: تمہارا ابدی گھر ہے

اُس نے فرمایا،

> تمہارا دل نہ گھبرائے۔ تم اللّٰہ پر ایمان رکھتے ہو، مجھ پر بھی ایمان رکھو۔ میرے باپ کے گھر میں بے شمار مکان ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو کیا مَیں تم کو بتاتا کہ مَیں تمہارے لئے جگہ تیار کرنے کے لئے وہاں جا رہا ہوں؟ اور اگر مَیں جا کر تمہارے لئے جگہ تیار کروں تو واپس آ کر تم کو اپنے ساتھ لے جاؤں گا تاکہ جہاں مَیں ہوں وہاں تم بھی ہو۔ اور جہاں مَیں جا رہا ہوں اُس کی راہ تم جانتے ہو۔
>
> (یوحنا 14:1-4)

◄ شاگرد کس پر ایمان رکھتے ہیں؟

خدا پر۔

◄ اگر وہ خدا پر ایمان رکھتے ہیں تو اُن کو کس پر ایمان رکھنا چاہیئے؟

اُن کو عیسیٰ مسیح پر بھی ایمان رکھنا چاہیئے۔

◄ کیوں؟

کیونکہ وہ خدا باپ کا فرزند ہے جو اُس کے پاس جا کر اُن کے لئے جگہ تیار کرے گا۔

◄ خدا کے گھر میں کیا ہے؟

خدا کے گھر کے بہت سے مکان ہیں۔

◄ ہمارے لئے یہ کیوں خوش خبری ہے؟

یہ خوش خبری اِس لئے ہے کہ خدا کے گھر والوں کے لئے مکان تیار ہیں۔ گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ اُس کے پاس ہمارا ابدی گھر تیار ہے۔

◄ لیکن ہم کس طرح اُس کے گھر والے بن سکتے ہیں؟

عیسیٰ مسیح پر ایمان رکھنے سے۔ اُسی نے اپنے لوگوں کے لئے جگہ تیار کر لی ہے۔

◄ وہ کیوں اپنے لوگوں کے لئے جگہ تیار کرنے جا رہا تھا؟

تاکہ جہاں وہ ہے ہم بھی ہوں۔

◄ لیکن ہم وہاں کس طرح پہنچ سکتے ہیں؟

ایک خاص راہ سے۔ عیسیٰ مسیح نے فرمایا، ”جہاں مَیں جا رہا ہوں اُس کی راہ تم جانتے ہو۔“

توما شاگرد جھٹ سے بول اُٹھا، ”خداوند، ہمیں معلوم نہیں کہ آپ کہاں جا رہے ہیں۔ تو پھر ہم اُس کی راہ کس طرح جانیں؟“

جواب میں عیسیٰ مسیح نے ایک نیا سبق سکھایا۔ یہ کہ

# مت گھبراؤ: مَیں ابدی گھر کی راہ ہوں

اُس نے فرمایا،

> راہ اور حق اور زندگی مَیں ہوں۔ کوئی میرے وسیلے کے بغیر باپ کے پاس نہیں آ سکتا۔ (یوحنا 14:6)

◄ راہ کون ہے؟

راہ عیسیٰ مسیح ہے۔

◄ اِس سے وہ کیا کہنا چاہتا ہے؟

اپنی صلیبی موت سے مَیں نہ صرف خدا باپ کے پاس جا رہا ہوں۔ اِس سے مَیں تمہارے لئے خدا کے گھر تک پہنچنے کی راہ بنا رہا

ہوں۔ ہاں، مَیں ہی وہ راہ ہوں۔ خدا تک پہنچانے والی اَور کوئی راہ نہیں ہے۔

► **عیسیٰ مسیح راہ ہے۔ لیکن اِس کا کیا مطلب ہے کہ وہ حق ہے؟**

حق کا مطلب سچائی ہے۔ اِس کے پیچھے یہ خیال ہے کہ جس پر پورا بھروسا کیا جا سکتا ہے وہ سچا، وہ حق ہے۔ جو چیز جھوٹا ہے اُس پر بھروسا نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن عیسیٰ مسیح پر پورا بھروسا کیا جا سکتا ہے۔ اُس میں اُنیس بیس کا فرق بھی نہیں ہے۔

► **عیسیٰ مسیح راہ اور حق ہے۔ تو اِس کا کیا مطلب ہے کہ وہ زندگی ہے؟**

وہ زندگی کا سرچشمہ ہے۔ وہ موت پر غالب آیا، اِس لئے ہم بھی اُس سے زندگی حاصل کر سکتے ہیں۔

گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ وہی خدا کے گھر پہنچنے کا راستہ ہے، اُسی پر ہم پورا بھروسا رکھ سکتے ہیں، اور اُسی سے ہمیں ابدی زندگی ملتی ہے۔ تیسری بات،

# مت گھبراؤ: میرا باپ تمہارا باپ بھی ہے

عیسیٰ مسیح نے فرمایا،

> اگر تم نے مجھے جان لیا ہے تو اِس کا مطلب ہے کہ تم میرے باپ کو بھی جان لو گے۔ اور اب سے ایسا ہے بھی۔ تم اُسے جانتے ہو اور تم نے اُس کو دیکھ لیا ہے۔
>
> (یوحنا 14:7)

- ◄ عیسیٰ مسیح کو جان لیا تو کس کو جان لیا؟

اُسے جان لیا تو باپ کو بھی جان لیا۔

- ◄ عیسیٰ مسیح کو جان لینے سے ہم خدا باپ کو کس طرح جان لیتے ہیں؟

عیسیٰ مسیح خدا باپ کا فرزند ہے۔ اِس لئے جب ہم مسیح کو جانتے ہیں تو خدا باپ کو بھی جانتے ہیں۔ اِس لئے عیسیٰ مسیح کہہ سکتا تھا کہ تم اُسے جانتے ہو۔

اب فلپّس سے رہا نہ گیا۔ اُس نے پوچھا، "اے خداوند، باپ کو ہمیں دکھائیں۔ بس یہی ہمارے لئے کافی ہے۔"

عیسیٰ مسیح نے جواب دیا،

> فلپّس، مَیں اِتنی دیر سے تمہارے ساتھ ہوں، کیا اِس کے باوجود تُو مجھے نہیں جانتا؟ جس نے مجھے دیکھا اُس نے باپ کو دیکھا ہے۔ (یوحنا 14:9)

◄ جواب کیا ہے؟

جس نے عیسیٰ مسیح کو دیکھا اُس نے خدا باپ کو دیکھا ہے۔

◄ یہ کس طرح ہو سکتا ہے؟

اِس کی وجہ یہ ہے کہ عیسیٰ مسیح خدا باپ کا فرزند ہے۔ اِس لئے جو اُسے دیکھتا ہے وہ خدا باپ کو بھی دیکھتا ہے۔ یہی اِس کا مطلب ہے جب اُس نے فرمایا کہ مَیں باپ میں ہوں اور باپ مجھ میں ہے۔

◄ ہمارے لئے کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

جب ہم عیسیٰ مسیح پر ایمان لاتے ہیں تو اُس کا باپ ہمارا باپ بھی بن جاتا ہے۔ عیسیٰ مسیح سے ہم نہ صرف خدا کے گھر والے بن

جاتے ہیں بلکہ خدا ہمارا باپ بھی بن جاتا ہے۔ اِس لئے گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ایک آخری بات،

## مت گھبراؤ: تم بڑے کام کروگے

عیسیٰ مسیح نے فرمایا،

> میری بات کا یقین کرو کہ مَیں باپ میں ہوں اور باپ مجھ میں ہے۔ یا کم ازکم اُن کاموں کی بنا پر یقین کرو جو مَیں نے کئے ہیں۔ (یوحنا 14:11)

- شاگردوں کوکس کی بات کا یقین کرنا چاہیئے؟

اپنے اُستاد کی بات کا۔

- سب سے بڑی وجہ کیا تھی کہ اُنہیں اُس کی بات کا یقین کرنا چاہیئے تھا؟

اُنہوں نے اُس کے معجزے دیکھے، اُس کا کلام سنا تھا۔

- اُنہیں اُس کے کاموں سے کیوں یقین آنا چاہیئے تھا؟

اِس لئے کہ اُس کے کام عام کام نہیں تھے۔ مسیح کا ہر کام اُس کے باپ کی طرف اشارہ کرتا تھا۔ جتنے یہ کام عیسیٰ مسیح کے تھے اُتنے ہی وہ باپ کے کام بھی تھے۔ کیونکہ خدا باپ اور فرزند میں پوری یگانگت ہے۔

لیکن عیسیٰ مسیح نے آگے ایک بات فرمائی جو حیران کُن ہے:

> مَیں تم کو سچ بتاتا ہوں کہ جو مجھ پر ایمان رکھے وہ وہی کچھ کرے گا جو مَیں کرتا ہوں۔ نہ صرف یہ بلکہ وہ اِن سے بھی بڑے کام کرے گا، کیونکہ مَیں باپ کے پاس جا رہا ہوں۔ (یوحنا 14:12)

- ◄ حیران کُن بات کیا ہے؟

یہ کہ عیسیٰ مسیح کے شاگرد اُس کے کام کریں گے۔

- ◄ وہ کیوں اُس کے کام کریں گے؟

اِس لئے کہ جو ایمان رکھتا ہے وہ اُس کا گھر والا ہے۔ اور گھر والوں کے لئے یہ ایک قدرتی بات ہے کہ وہ مل کر وہ کام کریں جو اُن کا سرپرست چاہتا ہے۔

ایمان دار نہ صرف عیسیٰ مسیح کے سے کام کریں گے بلکہ اِن سے بڑھ کر کام بھی کریں گے۔

- ◄ یہ کس طرح ہو سکتا ہے؟

عیسیٰ مسیح اِس کی وجہ بتاتا ہے: مَیں باپ کے پاس جا رہا ہوں۔

- ◄ باپ کے پاس جانا کیوں اِس کی وجہ ہے؟

مسیح کے جی اُٹھنے کے بعد روح القدس نازل ہو گا۔ اِسی روح کی مدد سے مسیح کے شاگرد بڑے کام کریں گے۔لیکن اُن کے یہ کام اُن کی اپنی طاقت سے کئے نہیں جائیں گے۔ یہ صاف بیان کرنے کے لئے مسیح نے فرمایا،

جو کچھ تم میرے نام میں مانگو مَیں دوں گا تاکہ باپ کو فرزند میں جلال مل جائے۔ جو کچھ تم میرے نام میں مجھ سے چاہو وہ مَیں کروں گا۔ (یوحنا 14:13-14)

◄ یہ کام کس کے نام میں کئے جائیں گے؟

یہ کام مسیح کے نام میں مانگنے سے کئے جائیں گے۔

غرض، گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ہمارا ابدی گھر ہے، اور ہمیں وہاں پہنچنے کی راہ بھی حاصل ہے یعنی عیسیٰ مسیح۔ گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ مسیح کا باپ ہمارا باپ بھی بن گیا ہے۔ گھر والوں کی حیثیت سے ہم مسیح کے نام میں بڑے کام کریں گے۔

◄ کیا آپ بھی مسیح کے نام میں بڑے کام کرنے کے لئے تیار ہیں؟

# انجیل، یوحنا 14:1-14

"تمہارا دل نہ گھبرائے۔ تم اللہ پر ایمان رکھتے ہو، مجھ پر بھی ایمان رکھو۔ میرے باپ کے گھر میں بے شمار مکان ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو کیا مَیں تم کو بتاتا کہ مَیں تمہارے لئے جگہ تیار کرنے کے لئے وہاں جا رہا ہوں؟ اور اگر مَیں جا کر تمہارے لئے جگہ تیار کروں تو واپس آ کر تم کو اپنے ساتھ لے جاؤں گا تاکہ جہاں مَیں ہوں وہاں تم بھی ہو۔ اور جہاں مَیں جا رہا ہوں اُس کی راہ تم جانتے ہو۔"

توما بول اُٹھا، "خداوند، ہمیں معلوم نہیں کہ آپ کہاں جا رہے ہیں۔ تو پھر ہم اُس کی راہ کس طرح جانیں؟"

عیسیٰ نے جواب دیا، "راہ اور حق اور زندگی مَیں ہوں۔ کوئی میرے وسیلے کے بغیر باپ کے پاس نہیں آ سکتا۔ اگر تم نے مجھے جان لیا ہے تو اِس کا مطلب ہے کہ تم میرے باپ کو بھی جان لو گے۔ اور اب سے ایسا ہے بھی۔ تم اُسے جانتے ہو اور تم نے اُس کو دیکھ لیا ہے۔"

فلپّس نے کہا، ”اے خداوند، باپ کو ہمیں دکھائیں۔ بس یہی ہمارے لئے کافی ہے۔“

عیسیٰ نے جواب دیا، ”فلپّس، مَیں اِتنی دیر سے تمہارے ساتھ ہوں، کیا اِس کے باوجود تُو مجھے نہیں جانتا؟ جس نے مجھے دیکھا اُس نے باپ کو دیکھا ہے۔ تو پھر تُو کیونکر کہتا ہے، 'باپ کو ہمیں دکھائیں'؟ کیا تُو ایمان نہیں رکھتا کہ مَیں باپ میں ہوں اور باپ مجھ میں ہے؟ جو باتیں مَیں تم کو بتاتا ہوں وہ میری نہیں بلکہ مجھ میں رہنے والے باپ کی طرف سے ہیں۔ وہی اپنا کام کر رہا ہے۔ میری بات کا یقین کرو کہ مَیں باپ میں ہوں اور باپ مجھ میں ہے۔ یا کم ازکم اُن کاموں کی بنا پر یقین کرو جو مَیں نے کئے ہیں۔ مَیں تم کو سچ بتاتا ہوں کہ جو مجھ پر ایمان رکھے وہ وہی کچھ کرے گا جو مَیں کرتا ہوں۔ نہ صرف یہ بلکہ وہ اِن سے بھی بڑے کام کرے گا، کیونکہ مَیں باپ کے پاس جا رہا ہوں۔ اور جو کچھ تم

میرے نام میں مانگو میں دوں گا تاکہ باپ کو فرزند میں جلال مل
جائے۔ جو کچھ تم میرے نام میں مجھ سے چاہو وہ مَیں کروں گا۔